بسم اللہ الرحمن الرحیم ان الحمد للہ والصلاۃ علی رسول اللہ امابعد !

لوبان کیا چیز ہے ؟

لوبان ایک درخت سے نکلنے والی گوند ہے ۔درخت کے تنے پر جب گھاو لگاتے ہیں تو بیروزہ کی مانند کی ایک گاڑھا لیس دار مادہ خارج ہوتا ہے ۔ جسے سکھا کر استعمال کرتے ہیں ۔اسے انگریزی میں بینزوئن کہتے ہیں اور توریت مقدس میں فرانکنسس کے نام سے مشہور ہے۔

حدیث میں لوبان کی دھونی کا تذکرہ۔

حضرت عبداللہ بن جعفر روایت کرت ہیں کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایاہے :

بخروا بیوتکم باللبان والشیخ (بیهقی ، شعب الایمان)

اپنے گھروں میں لوبان اور شیخ کی دھونی دیتے رہا کرو۔

ایک دوسری روایت میں ہے :

بخروا بیوتکم باللبان والصعتر (بیهقی)

اپنے گھروں میں لوبان اور صعتر کی دھونی دیتے رہا کرو۔

لوبان کی خصوصیات و فوائد۔

اطباء قدیم وجدید نے لوبان کی کہی فواید و خصوصیات کا ذکر کیا ہے ،لوبان قبض کشا ہے ،اس میں فائدے زیادہ ہیں اور نقصانات بہت کم ہیں ،معدہ کی درد کو دور کرتا ہے ،اسہال میں مفید ہے ،کھانے کو ہضم کرتا ہے۔آنکھوں کے زخم مندمل کرتا ہے ،معدہ کو تقویت دیتا ہے ، بلغم نکالنے کے

بعد اس کی پیدائش کو کم کرتا ہے، اگر لوبان کیساتھ صعتر ملا کر غرارے کئے جائیں تو گلے کی سوزش میں مفید ہے۔ حافظہ کو تیز کرتا ہے۔

لوبان کی دھونی گھر کو خوشبودار بنانے کے علاوہ وبائی امراض کو ختم کرتی ہے، اگر کمرے میں لوبان کے ساتھ صعتر یا الشیخ ملا کر دھونی دی جائے تو نہ صرف کہ مچھر، لال بیگ اور چھپکلیاں ہلاک ہو جائیں گے بلکہ جراثیم بھی ختم ہو جائیں گے۔ اگر دھونی کے دوران اہل خانہ کمرے میں موجود رہیں تو ان کی سانس کی نالیاں بھی جراثیم سے پاک ہو جائیں گی۔